جماعت کے مشہور تاجر شیخ منظور احمد (لاہور) کو صدمہ

اہل حدیث ٹرسٹ لارنس روڈ لاہور کے ٹرسٹی اور مرکزی جمعیت اہل حدیث کے فعال کارکن شیخ منظور احمد صاحب کی والدہ محترمہ کا طویل علالت کے بعد گزشتہ دنوں انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید نے شرکت کی اور ان سے اظہار تعزیت کیا۔

مولانا کاشف نواز رندھاوا کو مبارک باد

مرکزی جمعیت اہل حدیث فیصل آباد کے حالیہ انتخابات میں مقامی تمام گروپوں نے مشترکہ طور پر جماعت کے ابھرتے ہوئے خطیب اور نوجوان رہنما مولانا کاشف نواز رندھاوا کے پورے پینل کو بلا مقابلہ کامیابی سے ہمکنار کیا۔ اس موقعہ پر ہم مرکزی جمعیت اہل حدیث فیصل آباد اور بالخصوص مولانا کاشف نواز صاحب کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔ جنہوں نے اختلاف وانتشار کو ختم کر کے متفقہ فیصلہ کے ذریعہ مولانا کاشف کو بھرپور اعتماد بخشا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے اپنے دین اور مسلک حقہ کی اشاعت کا کام لے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث میں اس فیصلہ کے دور رس اثرات اور مفید نتائج برآمد ہوں گے۔ ان شاء اللہ

جناب خالد شاہ محمد ملک کی پاکستان آمد

الدوحہ قطر میں میں الھیئۃ الأثریہ الخیریہ کے مندوب اور مرکزی جمعیت اہل حدیث قطر کے رہنما جناب ڈاکٹر شاہ محمد علوی صاحب کے صاحبزادے خالد شاہ محمد ملک مختصر دورے پر پاکستان آئے۔ 19 اگست کو لاہور ائیر پورٹ پر ان کا استقبال حافظ عبدالحمید نے کیا۔ وہاں سے وہ سیدھے جہلم پہنچے۔ جہاں چند گھنٹے قیام کے بعد وہ اپنے آبائی گاؤں سوڈھی جے والی روانہ ہو گئے۔ جہاں وہ خوشاب، جوہرآباد اور دیگر مقامات پر مشاریع کا معائنہ کریں گے۔ دس دن کے قیام کے بعد خالد صاحب واپس قطر روانہ ہو گئے۔

حافظ فاروق بن قاری عبدالرشید قمر کو حادثہ

ملک کے مشہور قلم کار، سلطان الخطاطین قاری عبدالرشید قمر (لاہور) کے صاحبزادے حافظ فاروق گزشتہ دنوں موٹر سائیکل حادثہ میں زخمی ہو گئے۔ حادثہ میں ان کی ٹانگ اور بازو فریکچر ہو گئے۔ گنگارام ہسپتال میں ان کا تسلی بخش علاج کیا گیا اور اب وہ گھر میں زیر علاج ہیں۔ قارئین سے اس کیلئے خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔